QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

بارش اور برف باری سے متاثر ہونیوالے کوئٹہ کے تمام 24 فیڈرز بحال، متعلقہ فیڈروں سے بجلی کی فراہمی جاری، کیسکو فیڈروں کی بحالی کے بعد کیسکو ٹیمیں صارفین کی انفرادی شکایات کے ازالے کیلئے کام کر رہی ہے، کیسکو

کوئٹہ:26 جنوری 2026ء۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان نے کہا ہے کہ اتوار اور پیر کی درمیانی شب ہونے والے بارش اور برفباری کے نتیجے میں کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں 11kV فیڈروں میں تکنیکی خرابی پیدا ہوگئی جسکے باعث صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں 24 فیڈرز متاثر ہوگئے ۔ترجمان نے کہا کہ اس دوران تکنیکی خرابی دور کرنے اور دوبارہ بجلی بحالی کے سلسلے میں کیسکو ٹیمیں مسلسل فیلڈ میں موجود رہیں ۔تاہم بارش اور برفباری رکنے اور موسم میں بہتری آنے کے بعد حفاظتی اقدامات کو مدنظر رکھتے ہوئے کیسکو ٹیموں نے ہنگامی بنیادوں پر بحالی کا کام شروع کر دیا اور پیر کے روز شام تک تمام متاثرہ فیڈروں کی بجلی دوبارہ بحال کر دی۔جسکے بعد اب معمول کے مطابق ان متاثرہ فیڈروں سے منسلک تمام علاقوں میں بجلی کی فراہمی جاری ہے۔

ترجمان نے مزید کہا کہ متاثرہ فیڈروں کی بحالی کے بعد کیسکو ٹیمیں بارشوں اور برفباری کے دوران صارفین کی انفرادی شکایات کے ازالے کیلئے کام کر رہی ہے اور توقع ہے کہ دیگر متعلقہ علاقوں کے صارفین کی بھی بجلی جلد بحال کر دی جائے گی ۔ترجمان نے کہا کہ صارفین کے املاک اور جانوں کی حفاظت کے پیش نظر اُن متاثرہ علاقوں کی بجلی مرحلہ وار بحال کر دی گئی ۔تاہم کیسکو نے بارش کی وجہ سے بجلی فراہمی میں تعطل پیدا ہونے سے پیش آنے والی زحمت پر صارفین سے معذرت کی ہے۔مزید برآں کیسکو اپنے تمام معزز صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ وہ بارش کے دوران بجلی کے کھمبوں سے فاصلہ رکھیں تا کہ کوئی ناخوشگوار واقعہ رونما نہ ہوسکیں۔

###